# ترکھان (جڑائی)
# ٹریڈ ٹیسٹ
# تحریری موک ٹیسٹ پیپر

此文件關於細木工（組裝）工藝測試考題。如有需要索取此文件的中文版本，請致電 2100 9000 與香港建造業工藝測試中心聯絡。

This document related to mock test paper of skilled trade test for Joiner (Assembling). Should you require an English version of this document, please contact Hong Kong Construction Industry Trade Testing Centre at 2100 9000.

TJA (Urdu)

# اظہار لا تعلقی

سی آئی سی کی لکھی ہوئی اجازت کے بغیر اس مواد کے کسی بھی حصے کو دوبارہ چھاپہ, تیار یا منتقل کسی بھی طرح سے یا کسی بھی مقصد کے لئے نہیں کیا جا سکتا. جبکہ اس مواد میں شامل معلومات کی درستگی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب کوششیں کی گئی ہیں , اس کے باوجود سی آئی سی ہمیشہ قارئین کو جتنا ممکن ہو اپنے پیشہ ور مشیروں سے آزادانہ مشورہ طلب کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گا اور قارئین کسی متعلقہ اقدامات کے لئے ایسے پیشہ ور مشورے کے لئے اس مواد کو بطور متبادل نہ سمجھیں اور نہ ہی اس پر انحصار کریں۔

# معلومات

اس مواد کے بارے میں انکوائری ہانگ کانگ کنسٹرکشن انڈسٹری ٹریڈ ٹیسٹنگ سینٹرمیں کی جا سکتی ہے.


| | |
|---|---|
| 95, Yue Kwong Road | 95, یی کوونگ روڈ |
| Aberdeen | آبرڈین |
| Hong Kong | ہانگ کانگ |

ٹیلی فون: (852) 2100 9000
فیکس : (852) 2100 9090
ای میل: enquiry@cic.hk
ویب سائٹ: www.cic.hk



© 2020 تعمیراتی صنعتی کاؤنسل.

1. برقی آرا (چین سا) استعمال کرتے وقت ان میں سے کون سا آنکھوں کی حفاظت کے لیے موذوں ترین ہے؟
   A. حفاظتی چشمہ
   B. دھوپ سے بچاؤ کا چشمہ
   C. پلاسٹک کا چشمہ
   D. شیشے کا چشمہ

2. ہر روز کام ختم کرنے سے پہلے دن میں استعمال ہونے والے اوزاروں کو کس طرح سنبھالا جائے ؟
   A. کسی توجہ کی ضرورت نہیں صرف اس بات کا انتظار کیا جائے کہ نگران انہیں یہاں سے ہٹائے۔
   B. کسی توجہ کی ضرورت نہیں صرف اس بات کا انتظار کیا جائے کہ شاگرد انہیں یہاں سے ہٹائیں۔
   C. کسی توجہ کی ضرورت نہیں صرف اس بات کا انتظار کیا جائے سائٹ پر کام کرنے والے انہیں یہاں سے ہٹائیں۔
   D. انہیں اچھے طریقے سے واپس اوزاروں کے ڈبے میں رکھا جائے۔

3. مخصوص مقامات پر ان میں سے کس قسم کے افراد کو کام کرنے کی اجازت ہے؟
   A. نگران
   B. انجینئر
   C. مخصوص مقام کے احاطے میں کام کرنے کے لیے مؤثر سرٹیفکیٹ کا حامل۔
   D. کمپنی ڈائریکٹر

4. مندرجہ ذیل میں سے کون سی جگہیں تعمیراتی سائٹس کے حفاظتی قواعد کے تحت ہے؟
   A. معقول اور موذوں روشنی کے آلات
   B. اچھے اور بلارکاوٹ باہر نلکنے کے راستے
   C. پانی میں گرنے اور ڈوبنے سے بچاؤ کے لیے حفاظتی باڑوں کی تنصیب
   D. تمام انتخاب

5. برقی آلات میں خرابی ہوجانے پر آپ کو کیا کرنا چاہیئے؟
   A. آلہ کا استعمال روک دیں اور خود سے سے ٹھیک کرنے کی کوشش کریں
   B. آلہ کا استعمال روک دیں اور اسے اس کے اصل مقام پر رکھ دیں
   C. آلہ کا استعمال روک دیں اور سپروائزر کو رپورٹ کریں جو آپ کو مرمتی خدمت فراہم کرے گا
   D. آلہ کا استعمال روک دیں، کام روک دیں کام ختم ہونے کا انتظار کریں

6. تعمیراتی سائٹ کے کس مقام پر تعمیراتی فضلہ جلایا جانا چاہیئے؟
A. کباڑ کے عارضی ڈھیر پر
B. کچرے کے عارضی ڈھیر پر
C. کھلے مقام پر
D. کہیں نہیں

7. مندرجہ ذیل میں سے کیا تعمیراتی سائٹ برقرار رہے؟
A. ہوا کی گردش
B. معقول روشنی
C. بلا رکاوٹ راستہ
D.بالا تمام انتخاب درست ہیں

8. سائٹ پر کام کے دوران کن عناصر کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے؟
A. کام کے دوران حفاظت
B. اپنی اور دوسروں کی حفاظت کو مد نظر رکھنا
C. تعمیر کا معیار
D. بالا تمام انتخابات کو مد نظر رکھا جائے

9. جب تک اجازت نہ ہو اس وقت تک مندرجہ ذیل میں سے افراد کون سے گروہ کو سائٹ میں داخلے اور کام کرنے کی اجازت نہیں؟
A. ریٹائرڈ صنعتی کارکن
B. 18 سالوں سے کم عمر کے افراد
C. نئے تارکین وطن جن کی رجسٹریشن بطور جنرل ورکر ہوئی ہے
D. خواتین کارکن جن کی رجسٹریشن بطور جنرل ورکر ہوئی ہے

10. روزآنہ کی بنیاد ہر پیدا ہونے والے تعمیراتی کچرے سے کیسے نمٹا جائے؟
A. تعمیرات ختم ہونے پر ایک تھیلے میں بند کر کے زمین کی بھرائی کے مسالے میں تلف کیا جائے
B. ایک تھیلے میں بند کر کے تعمیراتی کچرا دان میں تلف کیا جائے
C. ایک تھیلے میں بند کر کے گلی کے کچرا دان میں تلف کیا جائے
D. ایک تھیلے میں بند کر کے گلی یا پتلی گلی کے علاقے میں تلف کیا جائے

11. لکڑی کے فرش کے لئے درکار آرے کے ذاویے کے لیے ان میں سے کون سا موذوں ترین اوزار ہے؟

A. دستی آرا
B. ذاویے کی تبدیلی کی خصوصیت کا حامل میٹر آرا
C. دائروی آرا
D. جڑواں آرا

12. وزنی اشیاء اٹھاتے وقت ذیل میں سے کون سا طریقہ درست ہے؟

A. کام جلد نمٹانے کے لیے ہر مرتبہ زیادہ وزن کے بارے میں دریافت کریں
B. جسم کو مضبوط کرنے کے لیے شے کو اونچے مقامات کی جانب پھینکیں
C. اچانک کام کی رفتار تیز کردیں
D. جسم کی حالت درستگی سے استعمال کی جائے

13. سا ٹھوڑی کی پٹی کو محفوظ بنانے میں درج ذیل میں سے کون سا انتخاب مؤثر ہے؟

A. یہ آپ کو سورج کی روشنی سے محفوظ رکھنے میں مدد کرتا ہے
B. یہ کارکنان کے اونچائی سے گر جانے کی صورت میں سر کو زخمی ہونے کے امکانات کو کم کر سکتا ہے
C. یہ بیرونی اشیاء کو آنکھ میں جانے سے بچانے میں کارگر ہے
D. یہ کام کے دوران پسینہ بہنے سے روکتا ہے

14. لکڑی کی میز پر دھات تراش کے لیے باڑ کس فاصلے پر لگائی جائے:

A. کاٹے گئے حصے سے 0.3-1.0 ملی میٹر دور
B. ذاتی ترجیح کے مطابق
C. یکساں فاصلے پر
D. کاٹے گئے حصے کے اندر 0.3-1.0 ملی میٹر تک

15. کام کی حفاظت سے قطع نظر نئے تعمیراتی سائٹ پر کام کے دوران کس بات کو ترجیح دی جانی چاہیے؟

A. تعمیراتی معیار پر پورا اترنا
B. آیا تعمیراتی سائٹ پر کوئی ایئر کنڈیشنگ ہیں
C. آیا ذرائع نقل و حمل آرام دہ ہیں
D. آیا تعمیرات سے کوئی فائدہ حاصل ہو رہا ہے

16. دیوار کے اندر پوشیدہ پائپنگ کا سراغ کون سے آلات لگا سکتے ہیں؟
A. سطح
B. ایک دھاتی شناخت کار
C. لیزر لائن لیول
D. ہائیڈرولک برماکاری

17. دیوار میں نصب الماری کی پشت پر لگی دیوار کی موٹائی عموماً کتنی ہوتی ہے؟
A. 6 ملی میٹر
B. 12ملی میٹر
C. 15ملی میٹر
D. 18ملی میٹر

18. دیوار کی الماری نصب کرتے وقت ان میں سے کون کا مقام پہلے محفوظ بنایا جائے؟
A. بالائی بایاں یا دایاں کونا
B. وسطی مقام
C. زیریں بایاں یا دایاں کونا
D. بائیں یا دائیں طرف

19. دروازے کے بورڈ میں دروازے کے قبضے کی برما کاری کتنی گہری ہو؟
A. 4 ملی میٹر
B. 6 ملی میٹر
C. 12 ملی میٹر
D. 18 ملی میٹر

20. باورچی خانے کی الماری بنانے میں کتنی عموماً موٹی پرت دار لکڑی (پلائی وُڈ) کا استعمال کیا جاتا ہے؟
A. 9 ملی میٹر
B. 12 ملی میٹر
C. 14 ملی میٹر
D. 18 ملی میٹر

**پیپر کا خاتمہ**